ڈسٹرکٹ پولیس آفس/شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز (80)

04-02-2023

## بہاول پور() ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر عبادت نثار کی زیر نگرانی بہاولپور پولیس نے گزشتہ ماہ منشیات فروشی اور قتل کے مختلف مقدمات میں ملوث ملزمان کو بہترین تفتیش کے باعث کیفر کردار تک پہنچایا، بھاولپور پولیس کی شب وروز کی محنت اور میرٹ پر تفتیش کی بدولت عدالتوں میں ٹرائل کے بعد 01 ملزم کو سزائے موت، 02 ملزمان کو عمر قید و جرمانہ 12 ملزمان کو قید و جرمانہ کی مختلف سزائیں۔دستیاب وسائل اور جدید ٹیکنالوجی کو بروئے کار لاتے ہوئے میرٹ پر تفتیش جاری رکھی جائیں، تاکہ معاشرے کو ایسے عناصر سے پاک کیا جاسکے۔ڈی پی او عبادت نثار۔

بہاول پور(    )تفصیل کے مطابق بھاولپور پولیس نے میرٹ پر اندراج مقدمات اور تکمیل تفتیش کی بدولت متعدد ملزمان کو کیفر کردار تک پہنچایا۔ملزمان کو پولیس کی کامیاب تفتیش کی بدولت قانون رائج الوقت کے مطابق سزائیں دلوائی گئیں۔مقدمہ نمبر 290/22 زیر دفعہ 302/394 تھانہ سٹی حاصلپور میں درج تھا۔مقدمہ کی تفتیش کے بعد ملزم وسیم اور رحمان جنہوں نے سرقہ بالجبر کی واردات کے دوران اصغر علی کو فائر کر کے قتل کر دیا تھا۔جس کا ٹرائل عدالت میں چلتا رہا اور عدالت نے فیصلہ سناتے ہوئے ملزم وسیم کو سزائے موت جبکہ رحمان کو عمر قید کا حکم سنادیا۔مقدمہ نمبر 224/22 زیر دفعہ **302,324,109,34,337F(iii)** تھانہ صدر یزمان میں درج تھا۔مقدمہ کی تفتیش کے بعد ملزم شہباز نے عاشق نامی شخص کو فائر کر کے قتل کر دیا تھا۔جس کا ٹرائل عدالت میں چلتا رہا اور عدالت نے فیصلہ سناتے ہوئے ملزم شہباز کو عمر قید اور 10 لاکھ روپے جرمانے کا حکم سنادیا۔مقدمہ نمبر 355/21 زیر دفعہ 377,B تھانہ صدر احمد پور شرقیہ میں درج تھا۔مقدمہ کی تفتیش کے بعد ملزم امین نے 14/15 سالہ بچے کے ساتھ فعل خلاف وضع فطری کی۔جس کا ٹرائل عدالت میں چلتا رہا اور عدالت نے فیصلہ سناتے ہوئے ملزم امین کو 14 سال قید اور 10 لاکھ روپے جرمانے کا حکم سنادیا۔مقدمہ نمبر 328/21 زیر دفعہ 9C تھانہ قائم پور میں درج تھا۔مقدمہ کی تفتیش کے بعد ملزم ایاز نے منشیات فروشی کا اقرار کیا۔جس کا ٹرائل عدالت میں چلتا رہا اور گزشتہ ماہ میں عدالت نے فیصلہ سناتے ہوئے ملزم ایاز کو عمر قید کا حکم سنادیا۔ مقدمہ نمبر 503/21 زیر دفعہ 9C تھانہ کینٹ میں درج تھا۔مقدمہ کی تفتیش کے بعد ملزم لطیف نے منشیات فروشی کا اقرار کیا۔جس کا ٹرائل عدالت میں چلتا رہا اور گزشتہ ماہ میں عدالت نے فیصلہ سناتے ہوئے ملزم لطیف کو 05 سال 06 ماہ قید اور 40 ہزار جرمانے کا حکم سنادیا۔مقدمہ نمبر 358/21 زیر دفعہ 9C تھانہ قائم پور میں درج تھا۔مقدمہ کی تفتیش کے بعد ملزم الطاف حسین منشیات فروشی کا اقرار کیا۔جس کا ٹرائل عدالت میں چلتا رہا اور گزشتہ ماہ میں عدالت نے فیصلہ سناتے ہوئے ملزم الطاف کو 05 سال قید اور 40 ہزار جرمانے کا حکم سنادیا۔مقدمہ نمبر 13/20 زیر دفعہ 9C تھانہ سمہ سٹہ میں درج تھا۔مقدمہ کی تفتیش کے بعد ملزم فیاض نے منشیات فروشی کا اقرار کیا۔جس کا ٹرائل عدالت میں چلتا رہا عدالت نے فیصلہ سناتے ہوئے ملزم فیاض کو 11 ماہ قید اور 40 ہزار روپے جرمانے کا حکم سنادیا۔مقدمہ نمبر 573/21 زیر دفعہ 9C تھانہ سمہ سٹہ میں درج تھا۔مقدمہ کی تفتیش کے بعد ملزم امین عرف مینا نے منشیات فروشی کا اقرار کیا۔جس کا ٹرائل عدالت میں چلتا رہا عدالت نے فیصلہ سناتے ہوئے ملزم امین عرف مینا کو 18 ماہ قید اور 15 ہزار روپے جرمانے کا حکم سنادیا۔مقدمہ نمبر 529/22 زیر دفعہ 9C تھانہ کینٹ میں درج تھا۔مقدمہ کی تفتیش کے بعد ملزم امتیاز نے منشیات فروشی کا اقرار کیا۔جس کا ٹرائل عدالت میں چلتا رہا عدالت نے فیصلہ سناتے ہوئے ملزم امتیاز کو 01 سال قید اور 20 ہزار روپے جرمانے کا حکم سنادیا۔مقدمہ نمبر 41/21 زیر دفعہ 9C تھانہ سمہ سٹہ میں درج تھا۔مقدمہ کی تفتیش کے بعد ملزم عرفان نے منشیات فروشی کا اقرار کیا۔جس کا ٹرائل عدالت میں چلتا رہا عدالت نے فیصلہ سناتے ہوئے ملزم عرفان کو 01 سال قید اور 40 ہزار روپے جرمانے کا حکم سنادیا۔مقدمہ نمبر 437/21 زیر دفعہ 9C تھانہ صدر بہاولپور میں درج تھا۔مقدمہ کی تفتیش کے بعد ملزم شہزاد امین نے منشیات فروشی کا اقرار کیا۔جس کا ٹرائل عدالت میں چلتا رہا عدالت نے فیصلہ سناتے ہوئے ملزم شہزاد امین کو 01 سال قید اور 50 ہزار روپے جرمانے کا حکم سنادیا۔مقدمہ نمبر 304/20 زیر دفعہ 9C تھانہ مسافر خانہ میں درج تھا۔مقدمہ کی تفتیش کے بعد ملزم عارف نے منشیات فروشی کا اقرار کیا۔جس کا ٹرائل عدالت میں چلتا رہا عدالت نے فیصلہ سناتے ہوئے ملزم عارف کو 01 سال قید اور 05 ہزار روپے جرمانے کا حکم سنادیا۔مقدمہ نمبر 239/22 زیر دفعہ 9C تھانہ سمہ سٹہ میں درج تھا۔مقدمہ کی تفتیش کے بعد ملزم زاہد نے منشیات فروشی کا اقرار کیا۔جس کا ٹرائل عدالت میں چلتا رہا عدالت نے فیصلہ سناتے ہوئے ملزم زاہد کو 09 ماہ قید اور 10 ہزار روپے جرمانے کا حکم سنادیا۔مقدمہ نمبر 252/22 زیر دفعہ 9C تھانہ کوتوالی میں درج تھا۔مقدمہ کی تفتیش کے بعد ملزم محمد حسین نے منشیات فروشی کا اقرار کیا۔جس کا ٹرائل عدالت میں چلتا رہا عدالت نے فیصلہ سناتے ہوئے ملزم محمد حسین کو 09 ماہ قید اور 10 ہزار روپے جرمانے کا حکم سنادیا۔مقدمہ نمبر 271/22 زیر دفعہ 9C تھانہ عباسنگر میں درج تھا۔مقدمہ کی تفتیش کے بعد ملزم عدنان نے منشیات فروشی کا اقرار کیا۔جس کا ٹرائل عدالت میں چلتا رہا عدالت نے فیصلہ سناتے ہوئے ملزم کو 08 ماہ قید اور 05 ہزار روپے جرمانے کا حکم سنادیا۔اس ضمن میں ڈی پی او عبادت نثار نے کہا کہ جرائم کی سرکوبی اور جرائم پیشہ عناصر کو کیفر کردار تک پہنچانے کے لئے ہم میرٹ پر مقدمات کا اندراج اور تکمیل تفتیش یقینی بنا رہے ہیں۔

**ترجمان بہاولپور پولیس**



بہاول پور: پولیس نے گزشتہ ماہ منشیات فروشی اور قتل کے مختلف مقدمات میں ملوث 01 ملزم کو سزائے موت، 02 ملزمان کو عمر قید و جرمانہ اور 12 ملزمان کو مختلف قید و جرمانہ کی مختلف سزائیں

ڈسٹرکٹ پولیس آفس/شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز(81)

04-02-2023

**بہاولپور() پولیس کی جانب سے سمارٹ پولیسنگ کے ذریعے مشکوک اشخاص وگاڑیوں کی چیکنگ کا سلسلہ جاری، گذشتہ ماہ جنوری 2023 میں 110561 مشکوک لوگوں کو چیک کیا جس کے تناظر میں مجرمان اشتہاری کے خلاف کارروائیاں کرتے ہوئے 81 مجرمان اشتہاری اور 08 عدالتی مفرران کو گرفتار کرلیا۔ جبکہ کل 21545 مشکوک گاڑیوں کو چیک کیا گیا جس پر پولیس کو مطلوب 60 گاڑیوں کا سراغ لگایا گیا جدید ٹیکنالوجی کو بروئے کار لاتے ہوئے جرائم پیشہ افراد کی سرکوبی کی جا رہی ہے۔ جرائم سے پاک معاشرہ ہمارا عزم ہے، ڈی پی او عبادت نثار**

تفصیل کے مطابق ڈی پی او بہاولپور عبادت نثار کی ہدایت پر جرائم پیشہ افراد کی سرکوبی کا سلسلہ جاری ہے۔ گذشتہ ماہ جنوری 2023 میں بہاولپور پولیس نے سمارٹ پولیسنگ کے ذریعے چیکنگ کا سلسلہ کا جاری رکھتے ہوئے جدید ٹیکنالوجی کو بروئے کار لاتے ہوئے مشکوک افراد، مشکوک گاڑیوں کی چیکنگ جاری ہے، دوران چیکنگ 110561 مشکوک لوگوں کو چیک کیا جس کے تناظر میں مجرمان کے خلاف کارروائیاں کرتے ہوئے 81 مجرمان اشتہاری اور 08 عدالتی مفرران کو بھی گرفتار کرلیا۔ جبکہ کل 21545 مشکوک گاڑیوں کو چیک کیا گیا جس پر پولیس کو مطلوب 60 گاڑیوں کا سراغ لگایا گیا۔ اس موقع پر ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر عبادت نثار نے پولیس افسران کو ہدایات جاری کیں کہ روزانہ کی بنیاد پر ایسی کارروائیوں کو مزید تیز کیا جائے۔ کرائم کی شرح پر ہر صورت قابو پانے اور ملزمان کو ٹریس کرنے اوران کو کیفر کردار تک پہنچانے کی ہدایت کی۔ تاکہ علاقہ میں امن وامان کی فضا برقرار رہے۔ پرانے مجرمان اشتہاریوں کی گرفتاری کے لیے تھانہ کی سطح پر ٹیمیں تشکیل دے کر ان مجرمان کی گرفتاری کو یقینی بنایا جائے۔ علاقے کو منشیات سے پاک کرنے میں اپنا کردار ادا کریں اور منشیات فروشوں کی گرفتاری کو یقینی بنائے تاکہ نوجوان نسل محفوظ ہاتھوں میں پروان چڑھے۔ جبکہ تفتیشی اسٹاف کو ملزمان کو بہترین تفتیشی طریقہ کار کے ساتھ سائنسی وتکنیکی مہارت کو بروئے کار لاتے ہوئے ملزمان کو کیفر کردار تک پہنچانے کی ہدایت کی۔ ضلعی پولیس سربراہ نے تھانہ جات میں آنے والے سائلین کو خوش اخلاقی سے پیش آنے سمیت ہر ممکن قانونی معاونت فراہم کرنے اور لوگوں کے مسائل کے حل کرنے پر زور دیا۔

ترجمان بہاولپور پولیس




بہاولپور() پولیس کی جانب سے سمارٹ پولیسنگ کے ذریعے مشکوک اشخاص وگاڑیوں کی چیکنگ